**18.05.2026**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ........................ محمد عمار

**Music**

------------------------------

☆ وزیر اعظم نریندر مودی ناروے کی راجدھانی اوسلو پہنچ گئے ہیں، جہاں وہ ناروے کے اپنے ہم منصب Jonas Gahr Store کے ساتھ دوطرفہ بات چیت کریں گے۔

☆ وزیراعظم نے کہا ہے کہ سوئیڈن کے اُن کے دورے سے باہمی تعلقات کو نئی رفتار ملے گی۔ دونوں ملکوں نے اگلے پانچ سال میں دوطرفہ تجارت دوگنا کرنے سے اتفاق کیا ہے۔

☆ کانگریس کے لیڈر V.D.Satheesan کو کیرالم کے وزیراعلیٰ کے طور پر حلف دلایا گیا ہے۔ 20 کابینہ وزیروں نے بھی حلف لیا۔

☆ مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے چھتیس گڑھ کے رائے پور ضلع میں ایمرجنسی کی صورتحال میں کام کرنے والی 400 گاڑیوں کو جھنڈی دکھا کر روانہ کیا۔

☆ اور ...... IPL کرکٹ میں آج شام میزبان چنئی سپر کنگس کا مقابلہ سن رائزرس حیدرآباد سے ہوگا۔

------------------------------

**Music**

اب خبریں تفصیل سے............

**PM-SWEDEN VISIT**

وزیراعظم نریندر مودی سوئیڈن کا دو دن کا دورہ مکمل کرنے کے بعد اب ناروے کی راجدھانی اوسلو پہنچ گئے ہیں۔ اُن کے اِس دورے میں بھارت اور ناروے کے درمیان باہمی بات چیت ہوگی۔ ساتھ ہی تیسری بھارت-Nordic سربراہ میٹنگ میں بھی وہ شرکت کریں گے۔ جناب مودی کے اِس دورے سے Nordic ملکوں کے ساتھ بھارت کے تعلقات کو تقویت ملے گی۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے۔ **V/C: Sangeeta Godbole**

وزیراعظم نریندر مودی، ناروے کے اپنے پہلے دورے پر اوسلو پہنچ گئے ہیں۔ پچھلے 43 برس میں

بھارت کے کسی بھی وزیراعظم کا ناروے کا یہ پہلا دورہ ہے۔ جناب مودی آج ناروے کے شاہ **Harald** پنجم اور ملکہ **Sonja** سے ملاقات کریں گے اور ناروے کے وزیراعظم **Jonas Gahr Store** کے ساتھ دوطرفہ بات چیت کریں گے۔ وہ بھارت-ناروے کاروباری اور تحقیقی سمٹ سے بھی خطاب کریں گے۔ اِس دورے میں ماحولیات کیلیے سازگار ٹیکنالوجی اور سمندری معیشت جیسے شعبوں پر خصوصی توجہ مرکوز کی جائے گی۔ اس کے علاوہ تجارت اور سرمایہ کاری کے مواقع کو بھی فروغ حاصل ہونے کی توقع ہے۔ کل وزیراعظم تیسری بھارت-**Nordic** سربراہ کانفرنس میں شرکت کریں گے۔ حال ہی میں نافذ کئے گئے تجارتی اور اقتصادی شراکت داری معاہدے کے تناظر میں توقع کی جارہی ہے کہ یہ سربراہ کانفرنس رُکن ملکوں کے ساتھ اقتصادی تعلقات کو مزید مستحکم کرنے میں مددگار ثابت ہوگی۔ سرِدست بھارت اور پانچ **Nordic** ممالک کے درمیان دوطرفہ تجارت **19** ارب ڈالر مالیت کی ہے۔

ناروے کے اوسلو سے سنگیتا **Godbole** کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلیے میں......

اس سے قبل وزیراعظم نریندر مودی نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر کہا کہ سویڈن کے اُن کے دورے میں ایسے کئی اہم نتائج سامنے آئے ہیں، جن سے باہمی تعلقات کو نئی رفتار ملے گی۔ اُنھوں نے کہاکہ باہمی تعلقات کو کلیدی ساجھیداری کی سطح تک پہنچانے سے لے کر مشترکہ اختراعی ساجھیداری کے دوسرے مرحلے کے آغاز اور بھارت-سویڈن ٹیکنالوجی اور مصنوعی ذہانت کوریڈور سے لے کر اگلے پانچ سال میں دوطرفہ تجارت کو دوگنا کرنے کا بڑا مقصد طے کرنا اُن کے دورے کے خاص نکات رہے اور بات چیت کافی مفید ثابت ہوئی۔ جناب مودی نے سویڈن کے عوام، وہاں کی سرکار اور وزیراعظم **Ulf Kristersson** کا گرمجوشی اور دوستی کیلئے شکریہ ادا کیا۔

ہمارے نامہ نگار نے بتایا ہے کہ باہمی تعلقات کو کلیدی ساجھیداری کی سطح پر پہنچانے میں **2026** سے **2030** تک کے بھارت-سویڈن مشترکہ عملی منصوبے کا اہم رول رہا۔ جامع خاکے کا مقصد اگلے پانچ سال میں دوطرفہ اقتصادی لین دین کو دوگنا کرنا اور میک اِن انڈیا اور **Made With Sweden** پہل کے تحت اشتراک کو مزید مستحکم بنانا ہے۔×

## PM-EUROPEAN ROUND TABLE

وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ بھارت آج سرمایہ کاری، اختراع اور مینوفیکچرنگ کیلئے دنیا کے سب سے پُرکشش ملکوں میں سے ایک ہے۔ جناب مودی سویڈن کے اپنے دو دن کے دورے میں گوتن برگ میں صنعت سے متعلق یوروپی گول میز کانفرنس سے خطاب کررہے تھے۔

وزیراعظم نے زور دے کر کہا کہ ملک میں سبھی کمپنیوں کیلئے اچھے مواقع دستیاب ہیں۔ ساتھ ہی اُنہوں نے یقین دلایا

کہ آنے والے برسوں میں بھارت کے سرکردہ پروجیکٹوں کا حصہ بننے کیلئے اُن کے واسطے ایک ادارہ جاتی نظام سمیت مختلف اقدامات بھی کئے جاسکتے ہیں۔ اپنے خطاب میں جناب مودی نے بھارت اور یوروپی یونین کے درمیان آزاد تجارت کے تاریخی سمجھوتے کے مذاکرات کامیابی کے ساتھ مکمل ہونے سمیت بھارت-یوروپی یونین تعلقات میں تیزی آنے کا خیرمقدم کیا۔×

**KERALAM NEW MINISTERY**

کیرالم میں کانگریس کے سرکردہ لیڈر وی-ڈی-ستیشن کی سربراہی میں نئی UDF وزارت کو آج ترواننتاپورم میں حلف دلایا گیا۔ ریاست کے گورنر راجندر وشوناتھ آرلیکر نے نئے وزیروں کو عہدے اور رازداری کا حلف دلایا۔ سابق اپوزیشن لیڈر اور کیرالم پردیش کانگریس کمیٹی KPCC کے سابق صدر رمیش Chennithala، KPCC کے موجودہ صدر سنی جوزف، KPCC کے سابق صدر کے-مرلی دھرن اور IUML کے لیڈر P.K.Kunhalikutty نئی وزارت میں سرکردہ رہنماؤں میں شامل ہیں۔ مجموعی طور پر 21 ارکان کو حلف دلایا گیا۔×

**PM-SATHEESAN**

وزیراعظم نریندر مودی نے کیرالم کے وزیر اعلیٰ کے طور پر حلف لینے پر V.D.Satheesan کو مبارکباد دی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر جناب مودی نے کہا کہ مرکزی سرکار عوام کی امنگوں کی تکمیل میں کیرالم کی نئی تشکیل شدہ سرکار کی ہرممکن مدد کو یقینی بنائے گی۔×

**WB-AGE LIMIT**

مغربی بنگال میں شوبھیندو ادھیکاری کی زیرقیادت BJP سرکار نے ایک اہم فیصلہ کرتے ہوئے ریاستی سرکار کی ملازمت میں آنے والے امیدواروں کیلئے عمر کی حد میں اضافہ کردیا ہے۔ گروپA اسامیوں میں بھرتی کیلئے عمر کی حد اب 41 سال طے کی گئی ہے، جبکہ گروپB کے عہدوں کیلئے اِسے بڑھا کر 44 سال کردیا گیا ہے۔ گروپC اور گروپD اسامیوں کیلئے زیادہ سے زیادہ عمر اب 45 سال ہوگی۔ سرکار نے یہ وضاحت کی ہے کہ جہاں کہیں عمر کی بالائی حد پہلے ہی نافذ ہے، وہاں موجودہ ضابطے برقرار رہیں گے۔×

**AMIT SHAH-CHHATTISGARH VISIT**

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے آج رائے پور میں اگلے سلسلے کی 400، ڈائل 112 گاڑیوں کو جھنڈی دکھا کر روانہ کیا۔ اس موقع پر وزیراعلیٰ وِشنو دیو سائی، ریاستی اسمبلی کے اسپیکر رَمن سنگھ اور نائب وزیراعلیٰ وِجے شرما بھی موجود تھے۔ اب تک

چھتیس گڑھ کے صرف 16 ضلعوں میں ڈائل 112 کی خدمات دستیاب تھیں۔ پروگرام کے بعد جناب شاہ بَستر کیلئے روانہ ہوگئے، جہاں وہ Netanar گاؤں میں سینٹرل ریزرو پولیس فورس کے کیمپ کے احاطے میں قائم کردہ سرکاری خدمات کے مرکز کا افتتاح کریں گے۔ یہ مرکز، دور دراز کے علاقوں میں رہنے والے لوگوں کو سرکار اور ڈیجیٹل خدمات تک آسانی سے رسائی حاصل کرنے میں مدد فراہم کرے گا۔×

## UP-LAKHIMPUR ACCIDENT

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے آج رائے پور میں اگلے سلسلے کی 400، ڈائل 112 گاڑیوں کو جھنڈی دکھا کر روانہ کیا۔ اس موقع پر وزیراعلیٰ وِشنو دیو سائی، ریاستی اسمبلی کے اسپیکر رَمن سنگھ اور نائب وزیراعلیٰ وِجے شرما بھی موجود تھے۔ اب تک چھتیس گڑھ کے صرف 16 ضلعوں میں ڈائل 112 کی خدمات دستیاب تھیں۔ پروگرام کے بعد جناب شاہ بَستر کیلئے روانہ ہوگئے، جہاں وہ Netanar گاؤں میں سینٹرل ریزرو پولیس فورس کے کیمپ کے احاطے میں قائم کردہ سرکاری خدمات کے مرکز کا افتتاح کریں گے۔ یہ مرکز، دور دراز کے علاقوں میں رہنے والے لوگوں کو سرکار اور ڈیجیٹل خدمات تک آسانی سے رسائی حاصل کرنے میں مدد فراہم کرے گا۔×

## NADDA-SWITZERLAND

صحت اور خاندانی بہبود کے مرکزی وزیر جگت پرکاش نڈّا 79 ویں عالمی صحت اسمبلی میں شرکت کیلئے سوئٹزر لینڈ پہنچ گئے ہیں۔ یہ 6 روزہ تقریب آج جنیوا میں شروع ہورہی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر جناب نڈّا نے کہا کہ اس سال کا موضوع 'عالمی صحت کی ازسر نو تشکیل : ایک مشترکہ ذمہ داری، عالمی سطح پر صحت سے متعلق چیلنجوں کو دور کرنے کیلئے اجتماعی عمل کی اہمیت کو اُجاگر کرتا ہے۔×

## RAJNATH VISIT

وزیر دفاع راجناتھ سنگھ آج ویتنام اور جنوبی کوریا کے دورے پر روانہ ہوگئے ہیں۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر اُنہوں نے کہا کہ اِس دورے سے اِن دونوں ملکوں کے ساتھ بھارت کے رابطوں کے دائرے میں مزید وسعت آئے گی۔ جناب سنگھ نے کہا کہ اِس دورے میں کلیدی فوجی اشتراک کو فروغ دینے، دفاعی صنعتی ساجھیداری کو مستحکم بنانے اور بھارت-بحرالکاہل خطے میں بحری تال میل کو بڑھاوا دینے پر توجہ مرکوز کی جائے گی۔×

**EC-BIENNIAL ELECTION**

انتخابی کمیشن نے مہاراشٹر قانون ساز کونسل کی 16 سیٹوں کے چناؤ کیلئے تاریخوں کا اعلان کردیا ہے۔کمیشن کے مطابق اس مہینے کی 25 تاریخ کو نوٹیفکیشن جاری کیا جائے گا اور پولنگ 18 جون کو ہوگی۔ ووٹوں کی گنتی 22 جون کو کی جائے گی۔ متعلقہ حلقوں میں مثالی ضابطہ عمل فوری طور سے نافذ ہوگیا ہے۔×

**PUNJAB-CIVIC BODIES ELECTIONS**

پنجاب میں 26 مئی کو ہونے والے شہری بلدیاتی اداروں کے انتخابات کیلئے 10 ہزار 809 امیدواروں نے کاغذات نامزدگی داخل کئے ہیں۔ پرچے داخل کرنے کی آخری تاریخ 16 مئی تھی۔ 8 میونسپل کارپوریشن سمیت 105 شہری بلدیاتی اداروں کیلئے ووٹ ڈالے جائیں گے۔

ریاستی انتخابی کمیشن کے مطابق 2 ہزار 154 امیدواروں نے 8 میونسپل کارپوریشن کیلئے کاغذات نامزدگی داخل کئے ہیں۔ اسی طرح 76 میونسپل کونسل کیلئے 7 ہزار 334 اور 21 نگر پنچایتوں کیلئے ایک ہزار 321 امیدوار میدان میں ہیں۔ کاغذات کی جانچ پڑتال آج کی جارہی ہے۔ 19 مئی یعنی کل تک امیدوار اپنے نام واپس لے سکتے ہیں۔×

**RAILWAY FIRE INCIDENT**

بھارتی ریلویز نے کہا ہے کہ بہار میں Sasaram ریلوے اسٹیشن پر ایک مسافر ریل ڈبے میں آگ لگنے کی وجوہات کا پتہ لگانے کیلئے تفصیلی انکوائری جاری ہے۔مشرقی وسطی ریلویز کے مطابق یہ واقعہ صبح سویرے ساڑھے پانچ بجے کے آس پاس اُس وقت پیش آیا، جب Sasaram-پٹنہ مسافر ٹرین کے ایک ریل ڈبے سے دھواں اُٹھتا ہوا دیکھا گیا۔ یہ ٹرین اُس وقت پلیٹ فارم پر کھڑی ہوئی تھی۔ ریل ڈبے میں اُس وقت کوئی مسافر موجود نہیں تھا۔ ریلوے نے بتایا ہے کہ کسی بھی مسافر یا ریلوے کے عملے کو کوئی چوٹ یا نقصان پہنچنے کی کوئی اطلاع نہیں ہے۔×

**IPL-CRICKET**

IPL کرکٹ میں، آج چنئی کے ایم اے چدمبرم اسٹیڈیم میں، چنئی سپر کنگس کا مقابلہ سنرائزرس حیدرآباد سے ہوگا۔ یہ میچ شام ساڑھے سات بجے سے کھیلا جائے گا۔

تازہ ترین پوائنٹس ٹیبل میں سنرائزرس حیدرآباد فی الحال 12 میچوں میں 14 پوائنٹس کے ساتھ تیسرے مقام پر ہے۔ اُس نے اب تک 7 میچوں میں جیت حاصل کی ہے اور پلے آف میں اپنی جگہ بنانے کیلئے مضبوط دعویدار ہے۔×

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆